مورخہ 23-06-2023

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | انصاف تک رسائی کوممکن بنانے میں وکلا برداری کا کلیدی کردار ہے، گورنر۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | قبائلی تنازعات امن کے قیام میں رکاوٹ بنتے ہیں عبدالقدوس بزنجو۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | تنازعہ وڈھ کے حل کیلئے ہماری کاوشوں کے مثبت نتائج برآمد ہونگے ضیاء لانگو۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | بعض عناصر ایک مرتبہ پھر بلوچستان کے حالات خراب کررہے ہیں، آغا حسن شاہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے سندھ حکومت سے تعاون کرینگے بلوچستان کے تمام امور اتفاق رائے سے حل کرلئے اسحاق ڈار۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | بجٹ میں کوہلو کیلئے کروڑوں کی پبلک سیکٹر اسکیمات شامل کی ہیں نصیب اللہ مری۔ | آزادی ودیگراخبارات |
| 07 | میر محمد خان لہڑی کی کاوش پٹ فیڈر کینال کی لائننگ کیلئے 64 ارب روپے مختص۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات کا چوتھا مرحلہ مکمل کسان مزدوروں سمیت مخصوص نشستوں کیلئے پولنگ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | صوبائی حکومت نے مشکلات کے باوجود بہترین بجٹ پیش کیا حکومتی ارکان اسمبلی۔ | سینچری ودیگراخبارات |
| 10 | ججز نے ہمیشہ آئین کی روشنی میں انصاف فراہم کیا ہے جسٹس جمال مندوخیل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | ریکوڈک مائننگ کمپنی کے زیر اہتمام پرائمری اسکول کا افتتاح۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | گیس فیلڈ کے کرایوں کی رقم ایف سی کو دینے کا انکشاف۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | پولیس لائنز میں ویزہ سسٹم درجنوں اہلکار ڈیوٹی سے غائب۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | علاقہ مکینوں کو تنگ کرنیوالوں کو نہیں چھوڑا جائیگا سردار اختر مینگل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | وڈھ میں جان بوجھ کر حالات خراب کرنے کی کوشش کی جارہی ہے ندیم الرحمٰن۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 16 | مویشی منڈیوں میں سیکورٹی انتظامات ٹریفک پلان مرتب کیا جائے جمعیت نظریاتی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | حکومت کے پاس معاشی ترقی کیلئے کوئی پالیسی نہیں، مولانا مخلص۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

نواں کلی میں نجی سکول کے طلبا پر حملہ کرنے والے تین ملزمان گرفتار، ڈیرہ مراد جمالی گھر میں گھس کر فائرنگ دو بیویاں ہلاک سربراہ اور بیٹی زخمی، پہاڑ سے گر کر بلوچستان کانسٹیبلری کا اہلکار جاں بحق، لورالائی نشہ آور ادویات کھلا کر آٹھ سالہ بچی سے زیادتی، سنجاوی کار سرکار میں مداخلت پر ایک شخص گرفتار مقدمہ درج۔ سوئی روڈ پر جن موڑ کے قریب قافلے پر فائرنگ۔

مورخہ 23-06-2023

## عوامی مسائل

کوئٹہ میں تندور مالکان نے روٹی کو پاپڑ بنادیا انتظامیہ خاموش، گھر جل کر خاکستر روٹی کا محتاج ہوگیا ہوں، یار محمد ملا خیل، پرائس کنٹرول کمیٹی نرخ نامے پر عمل درآمد میں ناکام،، کوئٹہ شہر کی مختلف شاہراہوں پر غیر قانونی بیریئر لگا دیے گئے، لسبیلہ میں سیلاب سے متاثرہ پل تعمیر نہ ہوسکا، مسافروں کو مشکلات انتظامیہ غافل، حکام کی عدم توجہی کے باعث ٹراما سینٹر فعال نہ ہوسکا،

## اداریہ:

روزنامہ جنگ نیوز کوئٹہ نے **"گوادر گیس منتقلی کا مرکز "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بلوچستان کا ساحلی شہر گوادر مستقبل قریب میں وسطی ایشیائی ممالک کی گیس یورپ اور چین منتقل کرنے کا راہداری مرکز بننے جا رہا ہے۔ وزیر مملکت برائے پیٹرولیم مصدق ملک نے بدھ کے روز اسلام آباد میں صحافیوں سے جو گفتگو کی وہ ایک طرف سے حقیقیت کی آئینہ دار ہے کہ پاکستان موجودہ معاشی اور سیاسی صوتحال کے باعث حکومت کو ایل این جی خریداری کے ٹینڈر کی بولی نہ مل سکی اور جب تک زرمبادلہ کے ذخائر کی کمی ہے، ہر بڈ نگ پر ایسے مسائل پیش آسکتے ہیں۔ دوسری جانب مذکورہ گفتگو سے ان کاوشوں کی نشاندہی ہوتی ہے جو موجودہ مشکلات صورتحال سے نکلنے کے لئے جارہی ہیں، بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے موجودہ قرض پروگرام کی مدت 30 جون کو ختم ہونے والی ہے اور معدودے چند دنوں کے لئے آئی ایم ایف عہدداروں سے اس کی بحالی کے ضمن میں براہ راست اور امریکہ و برطانیہ سمیت متعدد ممالک کی وساطت سے رابطوں کی سفارتکاری سمیت کئی اعتبار سے اہمیت ہے۔

## اداریے:

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے **محکمہ صحت ضلع پشین صحت عامہ کی سہولیات کی فراہمی مختصر جائزہ"** عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ 92 نیوز کوئٹہ نے **بلوچستاکے آئندہ مالی سال کا بجٹ پیش "** عنوان سے خلیل احمد نے مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے **ایک دوسرے کے کام آنا اچھے معاشرہ کی تسکیل کا نقطہ"** عنوان سے عابد عمر نے مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے **Nurturing the Cosdtsl Treasure "** عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے **"ضلع ہرنائی صوبائی حکومت کے حوصلہ افزاء اقدامات "** عنوان سے عبدالباری مندوخیل نے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

## گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے مشترکہ بلوچستان بس مزدا اونرز کے وفد کی ملاقات

**حاجی نصر اللہ کاکڑ نے ہزار گنجی بس اڈے اور ٹرانسپورٹرز کے مسائل سے تفصیل سے آگاہ کیا**

کوئٹہ (پ ر) آل مشترکہ بلوچستان بس/مزدا اونرز ایسوسی ایشن رجسٹرڈ کے صدر حاجی نصر اللہ خان کاکڑ کی قیادت میں ٹرانسپورٹرز کے وفد نے گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سے ملاقات کی وفد نے گورنر کو بتایا کہ ہزار گنجی بس اڈے میں بھتہ خوروں کے ساتھ ساتھ لینڈ مافیا کیخلاف بھی کارروائی کی جائے جو عرصہ دراز سے ٹرانسپورٹرز اور عوام کو لوٹ رہے ہیں ہزار گنجی اربوں روپے کا میگا پروجیکٹ ہے جو مافیا اور بھتہ خوروں کی وجہ سے ناکام ہو رہا ہے انجمن تاجران کے نام پر چار پانچ گروپوں نے اڈے کا بیڑہ غرق کر رکھا ہے ہر گروپ نے کیو ڈی اے حکام کے ساتھ مل کر دو درجنوں پلاٹ قبضہ کر رکھے ہیں حاجی نصر اللہ نے کہا کہ ہزار گنجی میں اگر حقائق کے مطابق احتساب کیا جائے تو میگا کرپشن کے متعدد کیسز سامنے آسکتے ہیں حتیٰ کہ اڈے میں مزدا ٹرک، فروٹ منڈی کے ساتھ ساتھ بینکوں کی جگہ، ٹریفک بوتھ اور پبلک لیٹرین تک کو نہیں بخشا گیا بھتہ خور مافیا نے کیو ڈی اے افسران کے ساتھ مل کر کروڑوں روپے کمائے بااثر اور غنڈوں کیلئے اڈے میں کوئی قانون نہیں جن کے پاس سوزوکی تک نہیں وہ بھی ٹرانسپورٹر بنے ہوئے ہیں۔

## MASHRIQ QUETTA

## انصاف تک رسائی کو ممکن بنانے میں وکلا برادری کا کلیدی کردار ہے، گورنر

**ممبر پاکستان بار کونسل منیر کاکڑ کی قیادت میں مختلف بار ایسوسی ایشنز کے نمائندوں سے بات چیت**

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ عوام میں حقوق و فرائض کے احساس کو اجاگر کرنے اور عدل و انصاف تک رسائی کو ممکن بنا.......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 9 پر

نے میں وکلا برادری کا کلیدی کردار ہے گورنر نے صوبے کے معتدل اور روشن فکر افراد پر زور دیا کہ وہ معاشرے میں جمہوری رویوں کو فروغ دینے، اختلاف رائے کا احترام پیدا کرنے اور انسانی عظمت کو اجاگر کرنے کیلئے بھرپور کردار ادا کریں

## گورنر بلوچستان ملک عبدالولی سے آل اقراء پرائیویٹ سکولز رہنماؤں کی ملاقات

کوئٹہ (پ ر) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ سے آل اقراء پرائیویٹ سکولز آرگنائزیشن بلوچستان صوبائی صدر عبدالظاہر کاکڑ کی قیادت میں اعلیٰ سطحی وفد کی ملاقات۔ ملاقات میں چیئرمین مولوی عبداللہ خان صوبائی جنرل سیکرٹری محمد نعیم کاکڑ ضلع کوئٹہ کے صدر.......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 9 پر

مولوی محمد جیلانی تحصیل کچلاک کے صدر مولوی محمد ... دوست حاجی حسن لالا صوبائی سپورٹ سیکرٹری حافظ نذیر احمد شمشیری قاری محمد طاہر حافظ سید نور محمد قاسم قاری عزت اللہ مولوی خیر اللہ محمد آصف و دیگر شریک تھے

## Balochistan Express Quetta

## Governor Balochistan hails UNHCR for rehab of Afghan refugees

**By Our Reporter**

QUETTA: Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar said that when we look at the global scenario, it is known that wars, natural disasters and international conflicts have affected millions of people in different regions of the world. Millions of people were displaced from their native lands. The natives are forced to migrate from their homeland, the honor, lives and property of millions of people are not safe.

In such a situation, UNHCR is working day and night for refugees and refugees around the world. He expressed these views while talking to UNHCR chief Mandana Amiri and Afghan Refugees Commissioner Arbab Talib. Mandana Amiri informed Governor Balochistan about education, health, supply of clean water and prevention of various diseases in Pakistan, especially Afghan refugees in Balochistan and their affected areas. Governor Balochistan appreciated the efforts of UNHCR which are being made for the rehabilitation and assistance of Afghan refugees, but concrete measures are being taken to solve the problem of refugees as well as the local population.

Governor Balochistan said that in this regard, we are grateful to the international community which stood by the side of the government of Pakistan in every difficult time. And we hope that this cooperation will continue in the future.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 23 JUN 2023

Page No: 2


## کشیدگی کے حل میں پیشرفت پر اظہار اطمینان

# وڈھ تنازعے کے حل میں حائل رکاوٹوں کو دور کیا جائیگا، وزیراعلیٰ بزنجو

**حکومت پر امن حل میں بھرپور کردار ادا کرنے کو تیار، وزیر داخلہ سے مسلسل رابطے میں ہوں، دیرپا امن کا قیام سب کے مفاد میں ہوگا، بیان**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ضلع خضدار کی تحصیل وڈھ میں قبائلی تنازعہ کے حل کی جاری پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے یقین ظاہر کیا ہے کہ فریقین تحمل برداشت اور بردباری کا مظاہرہ کرینگے وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ تنازعات کا باہمی گفت وشنید کے ذریعے حل ہمارے قبائلی معاشرے کی دیرینہ اور مضبوط روایات کا حصہ ہے اور یہ امر باعث اطمینان ہے کہ علاقے کے سیاسی قبائلی اور مذہبی عمائدین بھی اس حوالے سے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں جبکہ اراکین صوبائی اسمبلی زابد ریکی احمد نواز بلوچ اختر حسین لانگو یونس عزیز زہری سابق صوبائی وزیر سردار محمد اسلم بزنجو قبائلی عمائدین اور علماء کرام کی تنازعہ کے پر امن حل کے لئے پرخلوص کوششیں قابل تعریف ہیں اسکے ساتھ ساتھ کمشنر قلات اور ڈپٹی کمشنر خضدار بھی دیرینہ تنازعہ کے حل میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے اقدامات کر رہے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ حکومت قبائلی تنازعہ کے پر امن حل کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کے لئے تیار ہے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو اور آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ فریقین کا موقف جاننے اور قبائلی عمائدین کے تعاون کے حصول کے لئے وڈھ میں موجود ہیں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ قبائلی تنازعات امن کے قیام میں رکاوٹ بنتے ہیں اور قبائلی تنازعات سے ہمیشہ نقصان فریقین اور علاقے کے لوگوں کو اٹھانا پڑتا ہے۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا ہے کہ قبائلی تنازعہ کے پر امن حل میں حائل رکاوٹوں کو دور کیا جائیگا وڈھ کے دیرینہ قبائلی تنازعہ کا رواداری اور افہام وتفہیم کی فضا میں حل اور دیرپا امن کا قیام سب کے مفاد میں ہوگا انہوں نے کہا کہ وہ وزیر داخلہ سے مسلسل میں رابطہ میں رہتے ہوئے صورتحال سے آگاہی حاصل کر رہے ہیں اور تنازعہ کے پر امن حل کے لئے فریقین کے صبر و تحمل پر انکا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

# قبائلی تنازعات امن کے قیام میں رکاوٹ بنتے ہیں، عبدالقدوس بزنجو

**ضلع خضدار کی تحصیل وڈھ میں قبائلی تنازعہ کے حل کی جاری پیش رفت باعث اطمینان ہے، قبائلی اور مذہبی عمائدین بھی اپنا کردار ادا کر رہے ہیں**

**تنازعات کا باہمی گفت وشنید کے زریعہ حل ہمارے قبائلی معاشرے کی دیرینہ اور مضبوط روایات کا حصہ، فریقین تحمل برداشت اور بردباری کا مظاہرہ کریں، وزیر اعلیٰ**

**صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو اور آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ فریقین کا موقف جاننے اور قبائلی عمائدین کے تعاون کے حصول کیلئے وڈھ میں موجود ہیں**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ضلع خضدار کی تحصیل وڈھ میں قبائلی تنازعہ کے حل کی جاری پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے یقین ظاہر کیا ہے کہ فریقین تحمل برداشت اور بردباری کا مظاہرہ کرینگے وزیر اعلیٰ نے کہا ہے ......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 9 پر

کہ تنازعات کا باہمی گفت وشنید کے زریعہ حل ہمارے قبائلی معاشرے کی دیرینہ اور مضبوط روایات کا حصہ ہے اور یہ امر باعث اطمینان ہے کہ علاقے کے سیاسی قبائلی اور مذہبی عمائدین بھی اس حوالے سے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1    DATE: 23 JUN 2023    Page No: 3

## بعض عناصر ایک مرتبہ پھر بلوچستان کے حالات خراب کر رہے ہیں، آغا حسن

### سپیکر وڈھ میں تصادم کو رکوانے کے لئے اپنا کردار ادا کریں، قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (پ ر) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آغا حسن بلوچ نے قومی اسمبلی میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وڈھ بلوچستان میں مسلح جتھے نے لوگوں کو یرغمال بنا رکھا ہے، دو متحارب گروپ آمنے سامنے ہیں، سردار اختر جان مینگل کے والد کی جدوجہد کو لوگ یاد رکھتے ہیں، بعض عناصر ایک مرتبہ پھر بلوچستان کے حالات خراب کر رہے ہیں، قانون نافذ کرنے والے ادارے بھی ان کے سامنے بے بس ہیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ سپیکر اس تصادم کو رکوانے کے لئے اپنا کردار ادا کریں، وزارت داخلہ کو اس سلسلے میں خصوصی ہدایات جاری کی جائیں۔ سپیکر نے وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کو ہدایت کی وڈھ میں امن و امان کی صورتحال کو متعلقہ حکام کے علم میں لائیں۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ جن جن سیکورٹی فورسز کی وہاں موجودگی ہے ان سے کہا جائے گا کہ وہ اس میں مداخلت کریں، میں اس معاملے پر بات کر کے ایوان کو رپورٹ کروں گا۔ سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے وڈھ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے حکومت کو ہدایت کی ہے کہ متعلقہ سیکورٹی حکام کو اس معاملے کا فوری حل نکالنے کی ہدایت کی جائے۔

## سردار صالح بھوتانی اور اسد اللہ بلوچ پارلیمانی انکوائری کمیٹی کے ممبر نامزد

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیے کے مطابق 6 دسمبر 2022ء کو جاری کئے گئے نوٹیفکیشن کے حوالے سے جو اعلیٰ اختیاراتی پارلیمانی انکوائری کمیشن قائم کیا گیا تھا اس کیلئے صوبائی وزیر بلدیات سردار صالح محمد بھوتانی اور رکن صوبائی اسمبلی اسد اللہ بلوچ کو بھی ممبر نامزد کیا گیا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## تنازعہ وڈھ کے حل کیلئے ہماری کاوشوں کے مثبت نتائج برآمد ہونگے، ضیاء لانگو

### مقامی سرداران علمائے کرام کے ہمراہ سابق وزیر اعلیٰ سردار اختر جان مینگل ممتاز قبائلی رہنما میر شفیق الرحمان مینگل سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کی ہیں

### وڈھ کی کشیدہ صورتحال پر دونوں کی موقف وضاحت کے ساتھ سنی اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے اپنی تحفظات سے صوبائی پارلیمانی کمیٹی کو آگاہ کیا

### فریقین نے ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ مزید پیش قدمی نہیں کریں گے اور جنگ بندی کی مکمل پابندی کریں گے

خضدار (بیورو رپورٹ) وڈھ کے کشیدہ صورتحال کو حل کرنے کے لیے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی جانب سے تشکیل کردہ کمیٹی کے چیئرمین صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ خان لانگو، رکن صوبائی اسمبلی میر یونس عزیز زہری، رکن ........ بقیہ 17 صفحہ نمبر 9 پر

صوبائی اسمبلی میر زابد علی ریکی نے وڈھ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وڈھ کی صورتحال کو مد نظر رکھتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے فوری طور پر جو پارلیمانی کمیٹی تشکیل دی تھی مقامی سرداران علمائے کرام کے ہمراہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار اختر جان مینگل ممتاز قبائلی رہنما میر شفیق الرحمان مینگل سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کی اور وڈھ کی کشیدہ صورتحال پر دونوں کی موقف وضاحت کے ساتھ سنی اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے اپنی تحفظات سے صوبائی پارلیمانی کمیٹی کو آگاہ کیا یقینی طور پر وڈھ کی صورتحال کو ایک تشویشناک صورتحال قرار دی جاسکتی ہے لیکن جب بھی خلوص نیت اور خیر خواہی کی جذبہ سے کسی بھی مسئلے میں ہاتھ ڈالا جاتا ہے

## سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے سندھ حکومت سے تعاون کرینگے، بلوچستان کے تمام امور اتفاق رائے سے حل کرلیے، اسحاق ڈار

### ہاؤسنگ منصوبے کیلئے 50 ارب کا تخمینہ رکھا گیا، 25 ارب وفاقی حکومت دے گی، بجٹ پاس ہونے کے بعد ماسٹر پلان بنایا جائیگا

### سیلاب متاثرین کو مالکانہ حقوق بھی دیں گے، مکمل بحالی کیلئے 16.3 ارب ڈالر کی ضرورت ہے، وزیر خزانہ کا قومی اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے سیلاب متاثرین کے ہاؤسنگ منصوبے کیلئے 50 ارب کا تخمینہ رکھا گیا، ہاؤسنگ منصوبے کیلئے 25 ارب وفاقی حکومت دے گی، بلوچستان کے تمام امور اتفاق رائے سے حل کرلیے قومی اسمبلی میں اظہار ........ بقیہ 27 صفحہ نمبر 9 پر

خیال کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا ہے اچھے کام کی نیت کریں تو اللہ تعالیٰ مدد کرتا ہے، مستحق خواتین کی مالی مدد حکومت کی ذمہ داری ہے، تقریباً 100 ارب سیلاب متاثرین کیلئے فوری ضرورت تھی، 100 ارب روپے سیلاب متاثرین کا حق تھا، حالیہ سیلاب سے سندھ زیادہ متاثر ہوا، سیلاب متاثرین میں 80 ارب تقسیم کیے گئے، وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا سیلاب سے پاکستان کو 30 ارب ڈالر کا نقصان ہوا، سندھ کے سیلاب متاثرین کیلئے 16.3 ارب ڈالر کا ماسٹر پلان بنایا جائیگا، بجٹ پاس ہونے کے بعد ماسٹر پلان بنایا جائے گا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 23 JUN 2023

Page No: 6


# بجٹ میں کوہلو کیلئے کروڑوں کی پبلک سیکٹر اسکیمات شامل کی ہیں نصیب اللہ مری

تدریسی عملے کی تعیناتی کے لئے شفافیت اور میرٹ پر عملدرآمد کی سختی سے ہدایات دے چکے ہیں، اساتذہ کی کمی کو پورا کیا جائے گا

حکومت لوگوں کو ان کی دہلیز پر سہولیات کی فراہمی پر یقین رکھتی ہے، ثمرات جلد عوام تک پہنچنا شروع ہوجائیں گے، صوبائی وزیر تعلیم

کوہلو (نمائندہ مشرق) صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری نے کہا کہ میرٹ پر نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے لئے کوشاں ہیں، محکمہ تعلیم میں اساتذہ کی تعیناتی کے لئے شفافیت کو مکمل یقینی بنایا جائے گا تدریسی عملے کی تعیناتی سے تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی کمی کو پورا کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول کوہلو میں SBK کے تحت منعقدہ ٹیسٹ سنٹر کا جائزہ لیتے ہوئے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ صوبائی وزیر تعلیم نے ٹیسٹ سنٹر میں جاری تحریری امتحان کے عمل کا جائزہ لیا اور مکمل اطمینان کا اظہار کیا۔ صوبائی وزیر کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر کوہلو اعجاز احمد جعفر ممبر بی ایم آئی ٹی حیات خان کاکڑ بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر تعلیم نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت میرٹ پر بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے لئے کوشاں ہیں محکمہ تعلیم میں اساتذہ کی کمی کو دور کرنے کے لئے صوبے کے تمام اضلاع میں امیدواروں کا انتخاب کرنے کے لئے سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی کے ذریعے اسکریننگ ٹیسٹ کا عمل مکمل ہوا ہے۔ تدریسی عملے کی تعیناتی کے لئے شفافیت اور میرٹ پر عملدرآمد کی سختی سے ہدایات دے چکے ہیں جبکہ وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم کے ممبران بھی ٹیسٹ کے عمل کی مکمل نگرانی کررہے ہیں۔ دریں اثناء صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ خان مری نے کوہلو سے تعلق رکھنے والے قومی باکسر شیرباز مری، مختلف یونیورسٹیز کے طلباء اور خطرناک بیماریوں میں مبتلا مریضوں کو اسپیشل اسپورٹ پروگرام اور بلوچستان انڈومنٹ فنڈ سے ڈپٹی کمشنر آفس کوہلو میں امدادی چیک تقسیم کیے گئے اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ خان مری نے گفتگو میں کہا کہ کوہلو کے عوام کی خدمت اولین ترجیح ہے ڈپٹی کمشنر کوہلو کے نشاندہی سے اسپورٹس مین، طلباء اور مستحق افراد غریب غربا اور مریضوں تک امدادی چیکس کے تقسیم کا عمل ممکن ہوا عوام کی بنیادی مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہلو میں ادویات کی بروقت فراہمی کیلئے سیکرٹری بلوچستان کو احکامات جاری کیے جلد ادویات فراہم کیے جائیں گے موجودہ حکومت لوگوں کو ان کے دہلیز پر سہولیات کی فراہمی پر یقین رکھتی ہے صوبائی بجٹ میں کوہلو کیلئے بڑے پیمانے پر پبلک سیکٹر اسکیمات شامل کیے ہیں جن کے ثمرات جلد عوام تک پہنچنا شروع ہوجائیں گے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوہلو اعجاز جعفر، میجر رسالدار شیر محمد مری، تحصیلدار کوہلو جلال مری، اسپورٹس آفیسر جمعہ خان مری، میر دوست علی مری، میر گہرام خان، یاسر بلوچ، میر سجاد، وڈیرہ بلوچ خان، بابو حمزا اور بابو سیف اللہ موجود تھے۔

# میر محمد خان لہڑی کی کاوش
# پٹ فیڈر کینال کی لائننگ کیلئے 64 ارب روپے مختص

حلقہ پی بی 12 تمبو میں 45 کروڑ روپے کی لاگت سے روپا ڈپ تا کوز اوپ اور گوٹھ بہادر خان ڈنگ تک بلیک ٹاپ روڈ میگا منصوبہ

بلیک ٹاپ روڈز، بی ایچ یوز کی تعمیرات، اسکولز کی بلڈنگز، تعمیرومرمت، میڈیکل کالج اور پبلک لائبریری کے لیے بھی خصوصی فنڈز مختص

نصیرآباد کے عوامی حلقوں کا ترقیاتی منصوبوں کی منظوری پر وزیر آبپاشی میر محمد خان لہڑی اور سابق وزیر میر عبدالغفور لہڑی کو خراج تحسین

نصیرآباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر آبپاشی بلوچستان حاجی میر محمد خان لہڑی اور بلوچستان عوامی پارٹی کے سنیئر مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی کی ذاتی دلچسپی اور کاوشوں سے حالیہ مالی سال بجٹ 2023-2024 P.S.D.P فنڈز میں پٹ فیڈر کینال کی لائنگ کیلئے سب سے بڑے میگا منصوبہ کے تحت 64 ارب روپے کی خطیر فنڈز مختص کردی گئی ہے جوکہ بلوچستان کی تاریخ کا سب بڑا اور اہم میگا منصوبوں میں شامل ہے جبکہ نصیرآباد کی حلقہ پی بی 12 تمبو میں 45 کروڑ روپے کی لاگت سے روپا ڈپ تا کوز اوپ اور گوٹھ بہادر خان ڈنگ تک بلیک ٹاپ روڈ میگا منصوبہ سمیت دیگر منصوبوں میڈیکل کالج اور پبلک لائبریری کے لیے بھی خصوصی فنڈز مختص کردی گئی ہے جبکہ حلقہ پی بی 12 تمبو میں حالیہ بجٹ میں کروڑوں روپے کی لاگت سے مختلف نوعیت کے ترقیاتی اسکیمات بھی ایم پی اے فنڈز میں شامل کیئے گئے ہیں عوامی مفاد عامہ کے لیے اجتماعی نوعیت کے ترقیاتی اسکیمات کو اولین ترجیحات میں شامل کیا گیا ہے جس میں بلیک ٹاپ روڈز کی تعمیرات۔ صحت کے شعبے میں بی ایچ یوز کی تعمیرات تزئین اور آرائش کے اسکیمات۔ محکمہ تعلیم کے شعبے کے تحت اسکولز کی بلڈنگز۔ اپ گریڈیشن اور تعمیر و مرمت۔ دیہی علاقوں کو بجلی کے فراہمی کے لیے ٹرانسفارمرز۔ بجلی کے پول اور تاریں گیارہ ہزار لائنوں کی بچھائی۔ پینے کے صاف پانی کو یقینی بنانے کے لیے آبنوشی کے اسکیمات۔ زراعت کی ترقی اور فروغ کیلئے واٹر کورسز کی تعمیرات اور آبپاشی/ایریگیشن سسٹم میں بہتری لانے کے لیا سکیمات۔ کھیل کیلئے کیلید ینار فٹبال گراؤنڈ میں کھلاڑیوں کے لیے ہاسٹل اور گراؤنڈز کی تعمیرات کیا سکیمات سمیت دیگر مختلف ترقیاتی منصوبے شامل ہیں جوکہ صوبائی وزیر آبپاشی حاجی میر محمد خان لہڑی اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی کی جانب سے حلقہ پی بی 12 تمبو نصیرآباد کے عوام کیساتھ کیئے گئے وعدوں کی تکمیل کو یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے نصیرآباد کے عوامی حلقوں نے صوبائی وزیر آبپاشی حاجی میر محمد خان لہڑی اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے علاقے کی تعمیر و ترقی اور عوام کی معیار زندگی میں بہتری لانے کے لیے ترقیاتی اسکیمات پر عملدرآمد کرکے عوام کی بلاتفریق خدمت کرنے کا حق ادا کردیا ہے

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 23 JUN 2023

Page No: 8


قومی اسمبلی کی بلوچستان کمیٹی کا اجلاس

# گیس فیلڈ کے کرایوں کی رقم ایف سی کو دینے کا انکشاف

ڈیرہ بگٹی کی 29ہزار ایکڑ اراضی کے کرایہ کا مسئلہ دس روز میں حل کرنے کی ہدایت

بلوچستان میں جو آگ لگی ہے چاہتے ہیں دیگر علاقوں میں ایسی آگ نہ لگے، کمیٹی کے اراکین کا اظہار خیال

اسلام آباد (صباح نیوز) قومی اسمبلی کی خصوصی کمیٹی برائے بلوچستان نے او جی ڈی سی ایل کو ڈیرہ بگٹی کی 29ہزار بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پر

227ایکڑ زمین کے کرایہ کی ادائیگی کا مسئلہ دس روز میں حل کرنے کی سفارش کر دی، ایک ماہ میں ڈیرہ بگٹی گیس فیلڈز کا از سر نو سروے کر کے رپورٹ کر دی گئی جب کہ ارکان نے واضح کیا ہے کہ بلوچستان میں آگ لگی ہے چاہتے ہیں کہ ملک کے دیگر محروم علاقوں میں ایسی آگ نہ لگے کمیٹی میں مقامی آبادی کی گیس فیلڈ کے حوالے سے کرایوں کی رقم سے ایف سی کو سیکورٹی کے لئے ادائیگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ جمعرات کو اجلاس ڈپٹی اسپیکر زاہد اکرم درانی کی صدارت میں ہوا، اجلاس میں وفاقی وزراء خورشید شاہ، شاہ زین بگٹی، محمد اسرار ترین اور چیئرمین پی اے سی نور عالم خان، رمیش لال، سردار ریاض محمود مزاری، خالد حسین مگسی، ڈاکٹر شاہ نواز بلوچ اور محمد جنید انور چوہدری نے بھی شرکت کی۔ کمیٹی نے سیکرٹری پیٹرولیم، وزارت داخلہ اور اداروں کے سینئر حکام کی عدم موجودگی پر سخت برہمی کا اظہار کیا۔ نور عالم خان نے کہا کہ وزارت داخلہ کی پوری ٹیم نہیں ہے، نادرا کا بھی ڈپٹی ڈائریکٹر ہے، سی ای او کہاں ہے۔ چیئرمین پی اے سی نے مزید کہا کہ 20 گریڈ سے نیچے کے افسران کو کمیٹی میں نہیں آنا چاہیے رولز میں صاف لکھا ہے۔ زاہد اکرم درانی نے کہا کہ سیکرٹری پیٹرولیم کو نہ آنے کے بارے میں کمیٹی کو پہلے آگاہ کرنا چاہیے تھا۔ ارکان نے مطالبہ کیا کہ سیکرٹری پیٹرولیم کو اظہار ناپسندیدگی کا مراسلہ بھیجا جائے۔ اجلاس میں ڈیرہ بگٹی میں او جی ڈی سی ایل میں 48ملازمتوں سے متعلق معاملہ زیر بحث آیا۔ ارکان نے مطالبہ کیا کہ او جی ڈی سی ایل نے جو کمٹمنٹ کی ہے اسکو پورا کریں، کمیٹی کی سفارشات پر عملدرآمد کی رپورٹ دی جائے

# بلوچستان کی جامعات میں بھرتیوں پر پابندی

کالجز ہائیر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے مراسلہ ارسال کر دیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کی جامعات میں مالی بحران سنگین صورتحال اختیار کر گیا ہے بلوچستان حکومت نے سرکاری جامعات میں بھرتیوں پر پابندی عائد کر دی ہے گورنمنٹ آف بلوچستان، کالجز، ہائیر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر

صوبے کی تمام سرکاری جامعات کو ایک مراسلہ ارسال کیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ جامعات کا مالی بحران سنگین ہو رہا ہے جس کے باعث یونیورسٹیز کونسل آف ایکسچینج دیے جا رہے ہیں

# بلنگ سسٹم میں جدت لائیں گے، واسا

کوئٹہ (خ ن) واسا کے ایک پریس ریلیز میں صارفین کو مطلع کیا گیا ہے کہ بلنگ سسٹم میں جدت لانے کیلئے واسا کا عملہ صارفین سے ایک سروے فارم کے ذریعے کوائف لے گا اُس نظام کے تحت صارفین کو WhatsApp/Email/SMS کے ذریعے آن لائن کے بل دیئے بقیہ نمبر 79 صفحہ 7 پر

جائیں گے صارفین اس ذریعے سے واسا حکام کو اپنی شکایات سے آگاہ کر سکتے ہیں صارفین سے تعاون کی اپیل کی جاتی ہے۔

Century Express Quetta

# پولیس لائنز میں ویزہ سسٹم، درجنوں اہلکار ڈیوٹی سے غائب

ماہانہ پندرہ ہزار روپے دینے والے کئی ماہ تک اپنے آبائی علاقے چلے جاتے ہیں

بی سی بدر لائن، مجاہد لائن، قاسم لائن سمیت ڈسٹرکٹ پولیس کو نفری کی کمی کا سامنا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ پولیس کے درجنوں اہلکار مختلف پولیس لائنز سے غائب ویزہ سسٹم جاری گنتی محرر سمیت لائن افسران اور آر آئی اور مخصوص پولیس افسران ایسے ملازمین کو ڈسٹرکٹ اور بی سی لائنوں سے غیر حاضری میں پیش پیش جنہیں ماہانہ دس سے پندرہ ہزار مل جاتے ہیں اور ملازمین ڈیوٹیوں سے غائب آبائی علاقوں میں دیگر کاموں میں مصروف رہتے ہیں جنہیں کوئی بھی پوچھنے والا نہیں بی سی بدر لائن سمیت قاسم لائن مجاہد لائن سمیت ڈسٹرکٹ لائن سے اہلکار اپنی ڈیوٹیوں سے غائب ہونے کی وجہ سے نفری کی کمی کا بھی سامنا ہے اس حوالے سے ذرائع کے مطابق ایسے ملازمین کئی کئی ماہ سے غائب ہیں اور یہ ایک مخصوص مافیا ہے جو کہ انہیں ماہانہ کچھ رقم ان کی تنخواہوں سے وصول کر کے غائب رکھتا ہے ایسے ملازمین کو پولیس کی زبان میں ویزہ سسٹم کہتے ہیں جو کہ اپنے گنتی محرر سمیت اعلیٰ افسران کو ماہانہ پندرہ سے سولہ ہزار روپے دیتے ہیں اور وہ پنجاب سمیت اندرون بلوچستان اور سندھ کے علاقوں میں کئی کئی ماہ سے مقیم رہتے ہیں جو بھی ایسے ملازمین کے خلاف پولیس لائنز میں بات کرتا ہے اس کا ٹرانسفر کرا دیا جاتا ہے جن کے خلاف کوئی بھی بات نہیں کرتا تاہم آئی جی پولیس اور ڈی آئی جی کوئٹہ کو ئی مذکورہ مسئلہ پر توجہ دے کر ڈیوٹیوں سے اس طرح سے غائب رہنے والے ملازمین کو ڈیوٹیوں کا پابند بنانا چاہیے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 23 JUN 2023 Page No: 9


## مالی بحران کے باوجود
# بلوچستان کی جامعات اعلیٰ تعلیم کی فراہمی کیلئے کوشاں

**بلوچستان کی ترقی، امن وامان اور معیشت علم سے وابستہ ہے علمی اداروں وجامعات کے مالی معاملات میں بہتری لاکر ہی بلوچستان میں تعلیمی بہتری لائی جاسکتی ہے**

**تحقیق اور عوامی خدمات پر جدید منصوبہ جات کے حصول کیلئے جامعات کے صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر دیرپا فوائد حاصل کیے جاسکتے، وائس چانسلر بیوٹمز کا اظہار خیال**

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان کی جامعات شدید معاشی بحران کا شکار ہونے کے باوجود بلوچستان میں اعلیٰ تعلیم کی فراہمی ممکن بنارہی ہیں عالمی معیار کے مطابق جدید علوم کی طلباء تک منتقلی کے عمل کو یقینی بنانے میں قابل اساتذہ کا کردار انتہائی اہم ہے بیوٹمز بلوچستان کے طلباء بالخصوص ان طلباء جنہیں جامعات میں تعلیم حاصل رکھنے کے لئے سخت مالی مجبوریاں درپیش ہیں ایسے طلباء کو اپنے ذاتی وسائل سے تعلیم کے زیور سے آراستہ کررہی ہے بلوچستان کی ترقی، امن وامان اور معیشت علم سے وابستہ ہے علمی اداروں وجامعات کے مالی معاملات میں بہتری لاکر ہی بلوچستان میں تعلیمی بہتری لائی جاسکتی ہے۔ سرکاری اداروں اور افسران کا جامعات کے ساتھ ربط معاشرتی ترقی کے لئے انتہائی ضروری ہے تحقیق اور عوامی خدمات پر جدید منصوبہ جات کے حصول کیلئے جامعات کے صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر دیرپا فوائد حاصل کیے جاسکتے ہیں ترقی کے حصول کے لیے تعلیم، تحقیق اور تدریسی اداروں میں سرمایہ کاری ضروری ہے ان شعبوں پر صرف کیے جانے والے وسائل مستقبل میں کہیں سوگنا فوائد کی ضرورت میں معاشرے کو دستیاب ہونگے بلوچستان میں نوجوانوں پر توجہ اور تعلیم وروزگار میں ان کے لیے مواقع پیدا کرنے ہوں گے تاکہ ہمارا نوجوان قومی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکے بیوٹمز روز اول سے اس پالیسی پر کاربند ہے کہ تعلیم کے مواقع بلوچستان کے ہر طالب علم کو یکساں میسر ہوں یہی وجہ ہے کہ آج تک کوئی بھی طالب علم معاشی حالات یا فیس نہ ہونے کی وجہ سے بیوٹمز سے نہیں لوٹا، طلبہ کے وظائف کے جامع طریقہ کار کے باعث بیوٹمز میں زیر تعلیم ہر تیسرا طالب علم کسی نہ کسی صورت وظائف سے فائدہ اٹھاکر تعلیم جاری رکھے ہوئے ہیں وظائف اور تعلیم کی بروقت فراہمی کے لیے تعلیمی اخراجات کی بلاتعطل فراہمی بہت ضروری ہے بیوٹمز کے ان تمام چیلنجز کے باوجود بلوچستان میں تعلیمی بہتری کے لیے پوری قوت سے کارفرما ہے

# کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کا عیدالاضحی کے موقع پر صفائی کیلئے خصوصی انتظامات اٹھانے کا فیصلہ

**کوئٹہ میں خوبصورتی کیلئے خصوصی صفائی مہم کا آغاز کردیا ہے صفائی مہم کے دوران دو شفٹوں میں کام جاری رہے گا جو دن اور رات کے اوقات میں شہر کی صفائی اور خوبصورتی کیلئے کردار ادا کرے گی**

**شہر کی خوبصورتی اور صفائی کیلئے میٹروپولیٹن انتظامیہ کے ساتھ ہر مکتبہ فکر کو کردار ادا کرنا ہوگا کیونکہ صفائی نصف ایمان ہے شہر کی صفائی کی ذمہ داری صرف انتظامیہ کی نہیں، ایڈمنسٹریٹر کا اظہار خیال**

کوئٹہ (این این آئی) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے ایڈمنسٹریٹر جبار بلوچ کی زیر صدارت صوبائی دارالحکومت میں اسپیشل خصوصی صفائی مہم کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں چیف سینیٹیشن افسر انور لہڑی اشفاق بادینی، ایگزیکٹیو انجینئرز عبدالحق زہری، سرور زہری سمیت دیگر نے شرکت کی اجلاس میں خصوصی صفائی مہم اور عیدالاضحی کے حوالے سے بریفنگ دی گئی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ جبار بلوچ نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت میں خوبصورتی کیلئے خصوصی صفائی مہم کا آغاز کردیا ہے صفائی مہم کے دوران دو شفٹوں میں کام جاری رہے گا جو دن اور رات کے اوقات میں شہر کی صفائی اور خوبصورتی کیلئے کردار ادا کرے گی انہوں نے کہا کہ صفائی خصوصی مہم کے دوران کوئٹہ شہر سمیت اردگرد نواح میں جاری رہے گی کوئٹہ ہم سب کا مشترکہ گھر ہے اور صوبائی دارالحکومت کی ترقی، خوشحالی اور بہتر صفائی سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے شہر کی خوبصورتی اور صفائی کیلئے میٹروپولیٹن انتظامیہ کے ساتھ ہر مکتبہ فکر کو کردار ادا کرنا ہوگا کیونکہ صفائی نصف ایمان ہے شہر کی صفائی کی ذمہ داری صرف انتظامیہ کی نہیں بلکہ شہر میں بسنے والے ہر فرد کی ذمہ داری ہے وہ اس میں اپنا حصہ ڈالیں انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی کوتاہی برتنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور شہر کی صفائی اور خوبصورتی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کے شہریوں، تاجروں اور مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والوں سے اپیل کی کہ وہ شہر کی صفائی، ترقی، خوشحالی اور خوبصورتی کیلئے میٹروپولیٹن کے ساتھ دیں

# کوئٹہ میں غیر قانونی رکشوں اور پرانی خستہ حال بسوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کرنے کا فیصلہ

**صوبائی دارالحکومت کو بیگرز فری شہر بنانے میں ہم سب کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا، اسسٹنٹ کمشنر**

**بچوں سے بھیک منگوانے والے عناصر کے خلاف مقدمات درج کروائے جائیں گے، عطا المنعم**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ضلعی انتظامیہ اور پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن مختلف علاقوں سے 20 سے زائد بھکاری حراست میں لیکر سوشل ویلفیئر حکام کے حوالے کردیئے گئے۔ ڈپٹی کمشنر میر شہک بلوچ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی عطا المنعم اسپیشل مجسٹریٹ ماریہ شمعون نے ڈی ایس پی سٹی عاصم علی شاہ اور دیگر عملے کے ہمراہ پرنس روڈ، مسجد روڈ چوک، جلوقی روڈ، ٹیکسی اسٹینڈ، ریلوے اسٹیشن اور دیگر علاقوں میں پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 20 سے زائد بھکاری حراست میں لیکر محکمہ سوشل ویلفیئر کے حوالے کردیئے۔ اس موقع پر اے سی سٹی عطا المنعم کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے مشترکہ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ بھکاریوں کیخلاف خصوصی مہم شروع کی جائیگی اور بھکاری مافیا کے خاتمے تک یہ ریسکیو آپریشن جاری رہے گا کوئٹہ کو بیگرز فری شہر بنانے میں ہم سب کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ اے سی سٹی نے مزید کہا کہ بچوں سے بھیک منگوانے والے عناصر کے خلاف مقدمات درج کروائے جائیں گے بھکاری بچوں کو بھیک دینے کی بجائے ان کی حوصلہ شکنی کرنیکی ضرورت ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 2

DATE: 23 JUN 2023

Page No: 10


# پی پی ایچ آئی کے غیر حاضر اسٹاف کو برخاست کردیا جائے گا

ڈپٹی کمشنر قلات

صحت کی بنیادی سہولتوں کی فراہمی میں پی پی ایچ آئی کا اہم کردار، عملہ و دیگر اسٹاف حاضریاں یقینی بنائے، منیر احمد درانی

بہترین کارکردگی پر اسٹاف کو نقد انعام اور تعریفی اسناد سے نوازا جائے گا، پی پی ایچ آئی کے ماہانہ جائزہ اجلاس کی صدارت

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی نے کہا ہے کہ صحت کی بنیادی سہولتوں کی فراہمی میں پی پی ایچ آئی کا کردار بہت اہم ہے، پی پی ایچ آئی کا عملہ اور دیگر اسٹاف اپنے حاضریاں یقینی بنائیں، پی پی ایچ آئی قلات کا بہتر معیار برقرار رکھنے کیلئے آپ سب کو کردار ادا کرنا چاہئے، ناقص کارکردگی اور غیر حاضر اسٹاف کے کنٹریکٹ منسوخ کر کے ملازمت سے برخاست کردیا جائے گا، بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اسٹاف کو نقد انعام اور تعریفی اسناد سے نوازا جائے گا صحت کی سہولتوں کی فراہمی کیلئے ضلعی انتظامیہ پی پی ایچ آئی سے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی پی ایچ آئی کے ماہانہ جائزہ اجلاس کے صدارت کے موقع پر کیا، اس موقع پر ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر پی پی ایچ آئی مجیب بلوچ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نصر اللہ لانگو سمیت بی ایچ یوز کے انچارجز نے شرکت کی، پی پی ایچ آئی کی ماہانہ کارکردگی، بی ایچ یوز میں ڈاکٹرز اور دیگر اسٹاف کی حاضریوں، دواؤں کی دستیابی، مرمت کے کام، ایمبولینسز کی فراہمی سمیت دیگر اہم معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ آخر میں پی پی ایچ آئی کے خریدے گئے آلات بی ایچ یوز کے انچارجز کے حوالے کئے گئے۔

# عوام کا پیسہ ضائع نہیں ہونے دیں گے کوتاہی پر کارروائی ہوگی

ڈی سی لورالائی

محکمہ جات کے ذمہ داران بروقت ثمرات عوام کو منتقل کریں، معیار کو ہر صورت میں ملحوظ خاطر رکھا جائے، سوبان سلیم

ازخود اسکیموں کا معائنہ کروں گا، حقائق جاننے کی کوشش کریں گے، صحت و تعلیم کی خود نگرانی میں کر رہا، اجلاس سے خطاب

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی سوبان سلیم دشتی نے کہا ہے کہ محکمہ جات کے ذمہ داران عوامی اسکیمیں بروقت اور معیاری انداز میں مکمل کر کے ثمرات عوام کو منتقل کریں، حکومت جس مقصد کے لئے رقم خرچ کر رہی ہے، دیانت اور معیار کو ہر صورت میں ملحوظ خاطر رکھا جائے، عوام کا پیسہ کسی بھی صورت میں ضائع نہیں ہونے دیں گے جہاں خامی یا کوتاہی نظر آئے یا دیانت و امانت کے برخلاف کوئی اقدام نظر آیا تو آفیسر یا اسٹاف کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی، وہ گزشتہ روز اپنے آفس میں ایک سے زائد محکمہ جات کی بریفنگ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ظہور احمد بلوچ بھی شریک تھے، محکمہ تعلیم، محکمہ صحت، محکمہ ایم ایم ڈی، محکمہ زراعت، محکمہ اسمال انڈسٹریز، محکمہ واٹر مینجمنٹ، پاپولیشن ویلفیئر کی جانب سے بریفنگ دی گئی، متعلقہ محکمہ جات کے آفیسرز نے زیر انتظام اسکیموں سے متعلق آگہی فراہم کی، ڈپٹی کمشنر لورالائی نے اسٹاف آفس، عمارت اور جاری اسکیموں سے متعلق استفسار کیا، انہوں نے کہا کہ وہ ازخود گراؤنڈ پر نکل کر اسکیموں کا دورہ کریں گے، حقائق جاننے کی کوشش کریں گے۔ ڈپٹی کمشنر لورالائی سوبان سلیم دشتی کا کہنا تھا کہ تعلیم و صحت کے حوالے سے کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، صحت و تعلیم کی میں خود نگرانی میں کر رہا ہوں، بتدریج تمام محکموں کے ساتھ میٹنگ کر کے محکموں کے بارے میں جاننے کی کوشش کر رہا ہوں، محکمہ جات عوام کی خوشحالی اور فلاح و بہبود کے لئے بنائے گئے ہیں، لازمی امر ہے کہ وہ عوام کو بہتر سروس فراہم کریں، لوگوں کی خدمت جاری رکھیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 23 JUN 2023 Page No: 11


## رکشوں کو شفٹوں میں چلانے کا فیصلہ

### کمپیوٹرائزڈ اسٹیکرز جاری کیے جائینگے، سیکرٹری ٹرانسپورٹ

**غیر قانونی اور پرانی بسوں اور رکشوں کے خلاف کریک ڈاؤن ہوگا' پارکنگ پلازہ جلد فعال ہوگا' ڈاکٹر محمد اسلم بلوچ اور کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت اجلاس**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان ڈاکٹر محمد اسلم بلوچ اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ کی زیر صدارت کوئٹہ شہر میں ٹریفک کے نظام کی بہتری اور مرکزی شہر میں ٹریفک جام اور رش پر قابو پانے کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں ڈی آئی جی کوئٹہ غلام اظفر مہیسر، ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن سعید احمد دمڑ، ڈی جی ٹریفک انجینئرنگ بیورو ڈاکٹر محمد سجاد، ایڈمنسٹریٹر میٹرو پولیٹن کارپوریشن کوئٹہ جبار بلوچ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ، ایس ایس پی ٹریفک کوئٹہ بہرام خان مندوخیل، سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ ڈویژن منظور احمد، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ بابر خان، ایس پی ٹریفک سٹی محمد جاوید ملک سمیت متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کوئٹہ شہر میں ٹریفک کے نظام کی بہتری اور عوام کی سہولت کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں گے۔ اس سلسلے میں غیر قانونی رکشوں اور پرانی خستہ حال بسوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کیا جائے گا۔ شہر میں چلانے والی تمام رکشوں کو جلد از جلد کمپیوٹرائزڈ اسٹیکر اور شفٹ سسٹم کے تحت دو رنگوں میں تقسیم کیا جائے گا تاکہ شہر میں ٹریفک کا دباؤ کم ہو سکے۔ اس کے علاوہ مختلف کارروائیوں میں پکڑی گئی تمام رکشوں کو جلد از جلد اسکریپ کیا جائے، اجلاس میں یہ بھی فیصلہ ہوا کہ ٹریفک پولیس اور آر ٹی اے کا عملہ پرانی کینسل شدہ تمام بسوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرکے انہیں فوری طور بند کریں گے جبکہ آر ٹی اے کوئٹہ پرانی خستہ حال بسوں کی ری پلیسمنٹ کے لیے لائحہ عمل تیار کریں۔ جبکہ ہائی کورٹ کی ہدایت کے مطابق بسوں کے لیے مجوزہ جگہوں پر اسٹاف اور شٹل سروس کے حوالے سے لوکل بس یونین کے ساتھ میٹنگ کرکے قابل عمل تجاویز پر غور کیا جائے گا۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ ہوا کہ تمام متعلقہ محکمے باہمی تعاون اور اشتراک سے ایسے لائحہ عمل طے کریں جس سے شہر میں ٹریفک کا نظام درست اور عوامی مشکلات میں کمی واقع ہو سکے۔ سرکلر روڈ پارکنگ پلازہ کے حوالے سے یہ فیصلہ کیا گیا کہ چیئرمین کمیٹی کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی زیر نگرانی پلازہ کی ٹینڈر اور بولی کے لیے لائحہ عمل طے کیا جائے گا اور پارکنگ پلازہ کو جلد از جلد فعال کیا جائیگا اجلاس میں سیکرٹری آر ٹی اے کوئٹہ کو ہدایت کی گئی کہ وہ رکشوں اور بسوں کے مسائل اور یونین کے تحفظات دور کرنے کے حوالے سے اجلاس طلب کریں اور اس حوالے سے ان کے تجاویز اور رائے لیں تاکہ مستقبل میں کسی بھی قسم کی پریشانی اور مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان ڈاکٹر محمد اسلم کا کہنا تھا کہ کوئٹہ شہر میں ٹریفک کے نظام کی بہتری، غیر قانونی رکشوں اور پرانی بسوں کے خلاف موثر کارروائی کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ اس کے علاوہ پرمٹوں کے نظام کو مکمل طور پر ڈیجیٹلائزڈ کیے جائیں۔ کوئٹہ شہر میں ٹریفک کی بہتری کے شعبے میں جدید دور کے طرز پر تبدیلیاں ناگزیر ہو چکی ہیں لہٰذا جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے ٹریفک کو بہتر کیا جائے۔

## ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی مشترکہ کارروائی' 20 بھکاری سوشل ویلفیئر حکام کے حوالے

**پرنس روڈ، طوغی روڈ، ٹیکسی اسٹینڈ، ریلوے اسٹیشن اور دیگر علاقوں سے بھکاری تحویل میں لیے گئے' کوئٹہ کو بیگر فری شہر بنانے کیلئے ہم سب کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا' اے سی عطاء المنعم**

کوئٹہ (خ ن + اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف خصوصی مہم کا آغاز کر دیا گیا گزشتہ روز ضلعی انتظامیہ اور پولیس نے مشترکہ طور پر پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مختلف علاقوں سے 20 سے زائد بھکاری حراست میں لیکر سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی انتظامیہ کے حوالے کر دیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر میر شہک بلوچ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی عطاء المنعم ایڈیشنل مجسٹریٹ ماریہ شمعون نے ڈی ایس پی سٹی عاصم علی شاہ اور دیگر عملے کے ہمراہ پرنس روڈ ملتان چوک طوغی روڈ ٹیکسی اسٹینڈ ریلوے اسٹیشن اور دیگر علاقوں میں پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 20 سے زائد بھکاری حراست میں لیکر محکمہ سوشل ڈیپارٹمنٹ کے حوالے کر دیئے۔ اس موقع پر اے سی سٹی عطاء المنعم کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے مشترکہ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ بھکاریوں کیخلاف خصوصی مہم شروع کی جائیگی اور بھکاری مافیا کے خاتمے تک یہ ریسکیو آپریشن جاری رہیں گے۔ کوئٹہ کو بیگر فری شہر بنانے میں ہم سب کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ اے سی سٹی نے مزید کہا کہ بچوں سے بھیک منگوانے والے عناصر کے خلاف مقدمات درج کروائے جائیں گے۔ بھکاری بچوں کو بھیک دینے کی بجائے ان کی حوصلہ شکنی کرنیکی ضرورت

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

DATE: 23 JUN 2023

Page No: 12


# علاقہ مکینوں کو تنگ کرنے والوں کو نہیں چھوڑا جائیگا، سردار اختر مینگل

ہم چاہتے ہیں کہ مسائل کا حل قبائلی علاقوں کے اپنی روایات ہے علاقے مکین سے ملاقاتیں کر کے معاملات کا پوچھا جائے، ضیا لانگو سے گفتگو

مسائل کا حل بات چیت سے نکالنا ہوگا آگے کے مسائل کو حل کرنے کے لئے طریقہ بنانا ہوگا، جرائم کو زیرو ٹالرنس پر لانا ہوگا، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (این این آئی) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل سے ملاقات کی۔ جمعرات کو ملاقات میں ارکان اسمبلی زابد ریکی، جسن نواز بلوچ، یونس عزیز زہری، .......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 9 پر

سردار اسلم بزنجو، سردار اسد مینگل، علماء کرام، قبائلی عمائدین موجود تھے۔ اس موقع پر آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ اور کمشنر خضدار و ڈی آئی جی کی جانب سے شرکا کو بریفنگ دی گئی۔ وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ مسائل کا حل بات چیت سے نکالنا ہوگا آگے کے مسائل کو حل کرنے کے لئے طریقہ بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جرائم کو زیرو ٹالرنس پر لانا ہوگا

# وڈھ میں جان بوجھ کر حالات خراب کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، ندیم الرحمن

غیر قانونی اقدامات کا ملبہ دوسروں پر ڈالنا قابل افسوس عمل ہے، بکری محمد اختر، میر نورالدین ودیگر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جھالاوان عوامی پینل کے رہنماؤں ندیم الرحمن، بکری محمد اختر، میر نورالدین، سمیت دیگر نے وڈھ میں قوم پرست جماعت کے سربراہ کی جانب سے جان بوجھ کر حالات خراب کرنے کی کوشش کی جارہی ہے وفاقی اور صوبائی حکومت زبردستی مسلح جتھوں کے ذریعے بازار بند کرنے کا نوٹس لیتے ہوئے حالات کی بہتری کو یقینی بنایا جائے .......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 9 پر

بصورت دیگر ہم احتجاجی تحریک شروع کریں گے یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں اپنے دیگر ساتھیوں نصیر مینگل، جاوید مینگل، منظور احمد کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کہی انہوں نے کہا کہ ایک قوم پرست جماعت کے سربراہ اور قبائلی سردار کی جانب سے اپنے مسلح لوگوں کے ذریعے وڈھ اور ملحقہ علاقوں میں زبردستی بازار بند کروایا گیا ہے جس کی وجہ سے لوگوں میں خوف و ہراس پایا جاتا ہے کوئٹہ کراچی شاہراہ بند ہونے کی وجہ لوگوں کو مشکلات درپیش ہیں نوجوان کے اغوا کی تحقیقات کرائی جائیں کہ وہ کہاں سے بازیاب ہوا

# کوئٹہ کے وسائل ہڑپ کرنے کی اجازت نہیں دینگے، عبدالرحمن رفیق

آفات کے دوران نام نہاد رجسٹریشن تو کراوئی گئی مگر فنڈ اور ریلیف کا کوئی آتہ پتہ نہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے رہنماں نے کہا کہ کوئٹہ کے وسائل کو "شیر مادر" سمجھ کر ہڑپ کرنے میں بہت سے لوگ ملوث ہیں، نوکریوں کی قیمت قابلیت نہیں پیسہ بن گئی، تمام محکموں کی نوکریوں کی خرید و فروخت میں وزرا اور بیوروکریسی ملوث ہیں، عدلیہ کی خاموشی بھی معنی خیز ہے، انہوں نے کہا کہ حالیہ بجٹ بھی بندر بانٹ ہوگا، لیکن کوئٹہ .......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 9 پر

کے عوام کو کچھ نہیں ملے گا۔ کوئٹہ کے مظلوم عوام کے دلوں پر گہرا زخم ہے کہ مختلف آفات کے دوران نام نہاد رجسٹریشن تو کراوئی گئی مگر فنڈ اور ریلیف کا کوئی آتہ پتہ نہیں ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سیکرٹری نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم خلیفی، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی عبدالسلام ریئسانی مولانا عبدالاحد محمد حسنی مولانا حکیم حبیب اللہ حافظ عبدالحق حقانی مولانا محمد اشرف جان مفتی غلام نبی محمدی مفتی عبدالغفور مدنی حاجی ولی محمد بڑیچ حاجی ظفر اللہ خان کاکڑ چوہدری محمد عاطف میر فاروق لانگو سیکرٹری مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ سالار حافظ سید سعد اللہ آغا مفتی نیک محمد فاروقی مولانا حافظ سردار محمد نورزئی حافظ سراج الدین مفتی رحمت اللہ حاجی قاسم خان خلجی مولانا مفتی محمد ابوبکر حاجی صالح محمد مولانا محمد عارف شمشیر ملک نصیر احمد ایڈووکیٹ ملک عبداللہ خان ناصر حاجی عبداللہ سلیمان خیل حافظ رحمان گل حافظ دوست محمد اور دیگر نے مشترکہ اخباری بیان میں کہا ہے

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 5 DATE: 23 JUN 2023 Page No: 15

Century Express Quetta


## گھر جل کر خاکستر، روٹی کا محتاج ہو گیا ہوں، یار محمد ملاخیل

### ضلعی انتظامیہ کو مدد کیلئے کئی درخواستیں دیں مگر کچھ حاصل نہ ہو سکا

### گورنر، وزیر اعلیٰ، کمشنر اور این جی اوز سے مدد کی اپیل ہے، صحافیوں سے گفتگو

بھاگ (نمائندہ ایکسپریس) تین ماہ قبل میرے گھر میں آگ لگنے سے تمام سامان جل کر خاکستر اب تک میں کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہوں بھاگ سٹی وارڈ حیدر شاہ کے رہائشی یار محمد ملاخیل عرف خان نے نیشنل پریس کلب بھاگ کے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ آگ نے میرے زندگی کی ساری کمائی اور جمع پونجی کو جلا کر راکھ میں تبدیل کر دیا اسسٹنٹ کمشنر بھاگ، چیئرمین میونسپل کمیٹی بھاگ اور ڈپٹی کمشنر بولان کو بھی تحریری درخواست دی ہے کہ میرے ساتھ تعاون کیا جائے کیونکہ میں ایک انتہائی غریب گھرانے سے تعلق رکھتا ہوں تمام دفاتر کا چکر لگا کر تھک گیا ہوں اور تمام دفاتر میں تحریری درخواستیں بھی دی ہیں لیکن کسی سے بھی مجھے ریلیف نہیں ملا ہے جس کی وجہ سے میں انتہائی کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور اور اپنے بچوں کے پیٹ پالنے سے بھی قاصر ہوں۔

## پرائس کنٹرول کمیٹی نرخ نامے پر عمل درآمد میں ناکام

### اشیاء خورونوش سمیت ایرانی پیٹرول من مانی قیمت پر فروخت کیا جارہا ہے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں پرائس کنٹرول کمیٹی کی جانب سے نرخ نامہ جاری ہونے کے باوجود اشیا خورونوش کی قیمتوں میں کمی نہ آسکی، رہی سہی کسر ایرانی پیٹرول اور تندور مالکان نے پوری کر دی۔ دکاندار اشیا خورونوش اور تندور مالکان روٹی من مانی قیمتوں پر فروخت کر رہے ہیں جبکہ ایرانی پیٹرول 230 روپے لیٹر پیٹرول میں دیا جارہا ہے، ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹی کی جانب سے منافع خوروں کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جارہی سنچری ایکسپریس سے بات چیت کرتے ہوئے رحمان خان، نجیب درانی ہدایت اللہ ودیگر نے کہا کہ چینی اور آٹا سمگلنگ کی روک تھام کے لیے اقدامات نہیں ہورہے ہیں اور نہ ہی ضلعی انتظامیہ اشیا خورونوش اور ایرانی پیٹرول کی قیمتیں کنٹرول کر سکی انہوں نے صوبائی حکومت، ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹی سے مطالبہ کیا ہے کہ اشیا خورونوش کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے ساتھ چینی اور آٹے کی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے اقدامات کیے جائیں۔

## کوئٹہ میں تندور مالکان نے روٹی کو پاپڑ بنا دیا، انتظامیہ خاموش

### 200 گرام روٹی 30 روپے میں فروخت، تندور مالکان خوشحال، عوام پریشان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں تندور مالکان نے روٹی کو پاپڑ بنا دیا حکومت کی جانب چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کی وجہ سے شہری لوٹ رہے ہیں جبکہ علاقہ مجسٹریٹ تماشائی بنے ہوئے ہیں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے 30 روپے روٹی کا وزن 270 گرام رکھا تھا جو اب تندور مالکان 200 گرام روٹی 30 روپے میں فروخت کر رہے ہیں جبکہ 400 گرام والی روٹی 60 روپے میں فروخت کر رہے ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں بیچارے عوام جو پہلے مہنگائی سے تنگ آچکے ہیں ضلعی انتظامیہ کی خاموشی کے باعث تندور مالکان کے ہاتھوں لٹ رہے ہیں لیکن کوئی پوچھنے والا جب اس سلسلے میں ایک تندور مالک سے پوچھا گیا کہ روٹی کا وزن 270 گرام 20 0 گرام کیوں کیا گیا تو انہوں نے بتایا کہ آٹے کی فی بوری قیمت 14500 ہوگئی ہے ہم مجبور ہیں ہم نے مہنگائی کے سبب روٹی کا وزن کم کر دیا ہے۔ دوسری جانب گیس اور لیبر کی وجہ سے ہم بہت پریشان ہیں مجبوراً روٹی کا وزن کم کر دیا ہے حکومت آٹا سستا کریں ہم روٹی سستی کریں گے نہ صرف روٹی مہنگی ہوگئی ہے بلکہ ہر شے کے پر لگ چکے ہیں حکومت کو چاہیے کی اشیا خورونوش کی قیمتوں میں کمی لائے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 23 JUN 2023 Page No: 16

## گوادر: گیس منتقلی کا مرکز

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بلوچستان کا ساحلی شہر گوادر مستقبل قریب میں وسطی ایشیائی ممالک کی گیس یورپ اور چین منتقل کرنے کا راہداری مرکز بننے جارہا ہے۔ وزیر مملکت برائے پیٹرولیم مصدق ملک نے بدھ کے روز اسلام آباد میں صحافیوں سے جو گفتگو کی وہ ایک طرف اس حقیقت کی آئینہ دار ہے کہ پاکستان کی موجودہ معاشی اور سیاسی صورتحال کے باعث حکومت کو ایل این جی خریداری کے ٹینڈرز کی بولی منسوخ کی اور جب تک زرمبادلہ کے ذخائر کی کمی ہے، ہر بڈنگ پر ایسے مسائل پیش آسکتے ہیں۔ دوسری جانب مذکورہ گفتگو سے ان کاوشوں کی نشاندہی ہوتی ہے جو موجودہ مشکل صورتحال سے نکلنے کے لئے کی جارہی ہیں۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے موجودہ قرض پروگرام کی مدت 30 جون کو ختم ہونے والی ہے اور معدودے چند دنوں کے لئے آئی ایم ایف عہدیداروں سے اس کی بحالی کے ضمن میں براہ راست اور امریکہ و برطانیہ سمیت متعدد ممالک کی وساطت سے رابطوں کی سفارتکاری سمیت کئی اعتبار سے اہمیت ہے مگر "پلان بی" کی اشد ضرورت سے انکار ممکن نہیں۔ اس پلان کے بارے میں وضاحت اگرچہ وزیراعظم اور وزیرخزانہ ہی کرسکتے ہیں مگر بعض ایسی پیش رفتیں سامنے آرہی ہیں جن سے معاشی بحران سے نکلنے کی سنجیدہ کوششوں کا تاثر نمایاں ہے۔ منگل کے روز معاشی بحالی کے جس قومی پلان کا اجراء کیا گیا اس کے تحت متعدد کلیدی شعبوں میں پاکستان کی اصل صلاحیت بروئے کار لائی اور دوست ممالک سے سرمایہ کاری بڑھائی جائے گی۔ وزیر مملکت برائے پیٹرولیم مصدق ملک کی اسلام آباد میں بدھ کے روز صحافیوں کی گئی گفتگو یہ واضح کررہی ہے کہ روس یوکرین جنگ کے باعث عالمی ماحول میں جو تبدیلی آئی اسکے تناظر میں حکومت اس بات کے لئے کوشاں ہے کہ یورپی ممالک اور اور چین کو وسطی ایشیائی ریاستوں سے گیس کی محفوظ فراہمی پاکستان بالخصوص گوادر کے راستے ہو۔ وسطی ایشیائی ممالک قازقستان، کرغیزستان، تاجکستان، ترکمانستان اور ازبکستان دنیا کے انرجی کیپٹل ہیں مگر ان کے پاس سمندر نہیں اس لئے ان کے وسائل ایک لحاظ سے مقید ہیں اور دنیا تک نہیں پہنچ پا رہے ہیں۔ اسلام آباد وسطی ایشیا، یورپی اقوام، ترکیہ اور چین حتیٰ کہ امریکہ سے اس باب میں رابطے کر چکا ہے کہ قدرتی گیس اور مائع قدرتی گیس (ایل این جی) کی منتقلی کے لئے پاکستان کو راہداری حب بنایا جائے کیونکہ یہ راستہ ان ملکوں کے لئے سستا اور چھوٹے شراکت دار کی حیثیت سے پاکستان کے لئے بھی فائدہ مند ہے۔ اس باب میں آذربائیجان اور ترکمانستان کی قیادتوں سے حال ہی میں بات کی گئی ہے۔ وزیر مملکت کے بیان کے بموجب پائپ لائن کے ذریعے وسطی ایشیا کی گیس پاکستان آسکتی ہے اور جن ممالک کو ایل این جی چاہئے وہ یہاں اپنی ضرورت کے مطابق ایل این جی ٹرمینل بنا کر یہاں سے بحری جہازوں کے ذریعے گیس لے جاسکتے ہیں۔ اس طریق کار سے یورپ اور دیگر ممالک کے لئے انرجی سیکورٹی کا ایک نیا انقلابی باب شروع ہوسکتا ہے۔ حقیقت یہی ہے کہ قدرتی گیس کی ضروریات دنیا بھر میں بڑھتی جارہی ہیں جبکہ روس یوکرین جنگ کے باعث ان ضروریات کا پورا کرنا مشکل ہوگیا ہے۔ گیس اور ایل این جی کی ضرورت مذکورہ جنگ کے خاتمے کے بعد بھی بڑھتی رہے گی جس کے پیش نظر قطر سمیت گیس فراہم کرنے والے ممالک کو اپنی پیداوار بڑھانا ہوگی۔ متحدہ عرب امارات بھی نئے لکویڈیشن ٹرین تعمیر کررہا ہے۔ پاکستان کے راستے گیس کی منتقلی کے انتظامات سے گیس کی پیداوار کے حامل اور صارف ملکوں دونوں کو فائدہ ہوگا اور انرجی حب کے طور پر پاکستان کی معیشت بھی خوشحالی کے راستے پر گامزن نظر آئے گی۔ اس باب میں بین الاقوامی رابطے مزید موثر بنانے کے ساتھ ایسا اہتمام ضروری ہے کہ عام انتخابات کے بعد سیاست کا منظرنامہ جو بھی ہو، اس میں مذکورہ انتظام کی طرف قدم بڑھتے نظر آئیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

DATE: 23 JUN 2023

Page No: 17

# Nurturing the Coastal Treasure

Nestled along the Arabian Sea, Balochistan boasts a coastal belt stretching approximately 700 kilometers, teeming with abundant marine resources. The fisheries industry plays a pivotal role in the province's economy, providing employment, nourishment, and a source of revenue. However, to fully unlock the potential of Balochistan's fisheries, concerted efforts must be made to address various challenges and foster sustainable development. This editorial sheds light on the significance of the fisheries sector in Balochistan and emphasizes the need for comprehensive measures to maximize its benefits. Balochistan's fisheries sector is not merely a source of livelihood for local communities; it also holds immense promise for economic growth and national food security. The province's marine ecosystem supports diverse species, including finfish, shrimp, crabs, and mollusks, making it an invaluable asset waiting to be fully utilized. By tapping into this potential, Balochistan can bolster its economy, create job opportunities, and contribute to the overall development of the region.

Despite its immense potential, the fisheries sector in Balochistan faces several challenges that impede its progress. Overfishing, inadequate infrastructure, lack of modern equipment, and limited access to markets are among the key hurdles hindering the industry's growth. Additionally, issues such as illegal fishing practices, environmental degradation, and inadequate regulatory frameworks further exacerbate the situation. To overcome these challenges and unlock the true potential of Balochistan's fisheries sector, a multi-faceted approach is necessary. Here are some crucial steps that need to be taken, sustainable Fishing Practices: Implementing sustainable fishing practices, such as regulating fishing seasons, setting catch limits, and promoting responsible fishing techniques, is vital to ensure the long-term viability of marine resources. This will help preserve the ecological balance and maintain the biodiversity of the coastal waters. Infrastructure Development: Investing in

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

DATE: 23 JUN 2023

Page No: 21


## ایک دوسرے کے کام آنا اچھے معاشرہ کی تشکیل کا نقطہ

ہمارے معاشرے میں آج کل بے روزگاری، مہنگائی، فقر و فاقہ، بے چینی، بدامنی اور اضطراب میں بے انتہا اضافہ ہوگیا ہے، اس صورت حال نے بے شمار معاشرتی، اقتصادی، تہذیبی اور ثقافتی و تمدنی مسائل کو جنم دیا ہے عوام کی اکثریت خط غربت سے نیچے زندگی بسر کر رہی ہے۔ انسان کی ضروریات میں صحت، تعلیم، لباس اور طعام و قیام ہے، مگر بیشتر ان سے محروم


تحریر: عابد عمر


ہیں۔ ایسے حالات میں قابل تحسین ہیں وہ نوجوان جو لوگوں کے دکھ درد سمیٹنے اور ان میں آسانیاں بانٹنے کے لئے سرگرم ہیں۔ وہ دکھی انسانیت کی خدمت اور فلاحی کام میں حصہ لے کر معاشرے کی بہت بڑی خدمت کر رہے ہیں۔ ایک دوسرے کے کام آنا اچھے معاشرہ کی تشکیل کا نقطہ آغاز

کے ساتھ ساتھ ہر قسم کے رفاہی کاموں میں فاؤنڈیشن کو صف اول میں دیکھا جا سکتا ہے۔ فاؤنڈیشن کو اس کی خدمات کے اعتراف میں متعدد اعزازات سے نوازا گیا خدمت خلق



فاؤنڈیشن ایک منظم، فعال اور موثر سماجی تنظیم ہے جو کسی تعصب یا رنگ و نسل کے امتیاز کے بغیر انسانیت کی خدمت کر رہی ہے۔ اور غریب گھرانوں کے لئے آپنی مدد آپ خدمات سرانجام دے رہے ہیں ایک بات یاد رہے کہ سماجی خدمات میں ہر کسی کو چاہئے کہ حصہ لیں سماجی خدمات کے



ہے۔ ہمارے صوبے بلوچستان میں اگر ایسی شخصیات کی فہرست مرتب کی جائے تو یقیناً ان میں نعمت اللہ ظہیر کا نام سرفہرست ہوگا آپ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے بانی ہیں یہ فاؤنڈیشن انٹرنیشنل اکتیس سالوں سے ملک پاکستان کے علاوہ دیگر ممالک میں بھی غریب طبقے کی خدمت کے لیے

ساتھ ساتھ بہت سے خدمات نعمت اللہ ظہیر نے سر انجام دیا ہے افغانستان میں عطاء اللہ نامی ایک نوجوان ہیں وہ ایک مخلص انسان ہیں ان کا خدمات کسی سے چھپی ہوئی نہیں ہے ہمارے بلوچستان کے غریب گھرانے کے لیے نعمت اللہ ظہیر بھی ایک مخلص دوست انسان ہیں۔ بڑے



خدمات سرانجام دے رہے ہیں نعمت اللہ ظہیر کا کہنا تھا کہ میں بچپن سے دل میں یہی سوچ رہا تھا کہ اللہ تعالیٰ مجھ سے ایسا کام لے تاکہ انسانیت کے لیے خدمات سرانجام دوں 2010 میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے نعمت اللہ ظہیر کو تمغہ امتیاز کے ساتھ ساتھ اسی دن قومی یوتھ ایوارڈ سے بھی نوازا خدمت خلق فاؤنڈیشن کی بنیاد انیس سو بیانوے میں رکھی گئی صاف پانی کفالت اور سماجی خدمات اس کے مرکزی شعبے ہیں تاہم خدمت خلق فاؤنڈیشن انٹرنیشنل کی خدمات ان بنیادی شعبوں تک محدود نہیں بلکہ فاؤنڈیشن یتیموں، مسکینوں، اور مظلوم بچوں کی مدد کے علاوہ بے سہارا خواتین کو بھی آپنی خدمات فراہم کر رہی ہے۔ مرکزی شعبوں میں خدمات کی انجام دہی

لوگوں کی بڑی بڑی خدمات کرنے کے بجائے چھوٹے لوگوں کی چھوٹی چھوٹی ضروریات پوری کر دیا کریں ان کی زبان سے نکلی ہوئی دعا آپ کے حق میں قبول ہوجائے تو دونوں دنیا کی کامیابی ہے۔ پاکستان میں بھی ایسے ادارے ہیں جو معاشرے کے محروم کمزور اور پسے ہوئے طبقات کی فلاح و بہبود کے لیے کام کر رہے ہیں۔ جیسا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن انٹرنیشنل ہے۔ پوری دنیا کے مقابلے میں پاکستان میں نوجوانوں کا تناسب سب سے زیادہ ہے لیکن کچھ نوجوان معاشرے کی فلاح و بہبود کے لیے کام کر رہے ہیں۔ ہونا تو یہ چاہیے کہ نوجوانوں کی کثیر تعداد رفاہی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اپنے علاقے کے مسائل کی نشاندہی کریں۔ اپنے فارغ وقت میں دوسروں کو فائدہ پہنچایا کریں۔

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

DATE: 23 JUN 2023

Page No: ________




گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سے مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ کی قیادت میں تاجروں کا وفد ملاقات کر رہا ہے



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے منیر کاکڑ کی قیادت میں مختلف بار ایسوسی ایشن کے نمائندے ملاقات کر رہے ہیں



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے ٹرانسپورٹر حاجی نصراللہ کاکڑ کی سربراہی میں ملاقات کرنے والا وفد



گورنر بلوچستان سے ہندو پنچایت کوئٹہ کے صدر راج کمار کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 23 JUN 2023 Page No:________



وڈھ: وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو سے میر شفیق مینگل دوران ملاقات بات چیت کر رہے ہیں



خضدار: وزیر داخلہ ضیاء لانگو
پریس کانفرنس کر رہے ہیں



وڈھ: وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو اور سردار اختر جان مینگل دوران ملاقات بات چیت کر رہے ہیں



اسپیکر جان جمالی کی زیر صدارت اجلاس میں صوبائی وزراء اور ارکان اسمبلی سالانہ میزانیہ بابت مالی سال 24-2023 پر بحث کر رہے ہیں



صوبائی وزراء صالح بھوتانی، خالق ہزارہ، سردار سرفراز ڈومکی اور سینیٹر منظور کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں



کوہلو: صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری بلوچستان انڈومنٹ پروگرام کے تحت مستحقین میں چیک تقسیم کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**


**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

DATE: 23 JUN 2023

Page No:

اسپیکر جان جمالی سے سیکرٹری اطلاعات حمزہ شفقات اور ڈی جی پی آر کامران اسد ملاقات کر رہے ہیں



سیکرٹری اطلاعات محمد حمزہ شفقات اور دیگر افسران اسمبلی اجلاس کی کارروائی دیکھ رہے ہیں


MASHRIQ QUETTA




سیکرٹری اطلاعات محمد حمزہ شفقات اور دیگر افسران اسمبلی اجلاس کی کارروائی دیکھ رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 23 JUN 2023 Page No: ________

MASHRIQ QUETTA



کوئٹہ: ڈی آئی جی پولیس غلام اظفر مہیسر سے پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عبدالشکور مری اور حاجی میر نوروز مری کی ملاقات کے بعد فوٹو



ڈی آئی جی کوئٹہ غلام اظفر مہیسر کے ہمراہ عبدالشکور مری اور نوروز مری ملاقات کے بعد گروپ